
# سال کے بارہ مہینے

## انگریزی سال کے مہینے





جنوری سے سال شروع ہوتا ہے اور دسمبر پر ختم ہوتا ہے۔

- ۳۰ دن والے مہینوں کے نام بتاؤ۔
- سال میں ۳۱ دن والے کتنے مہینے ہیں؟
- فروری مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
- جون سے پہلے کون سا مہینہ آتا ہے؟
- جنوری مہینے سے پہلے کون سا مہینہ آتا ہے؟

۳۰ دن کا ستمبر
اپریل، جون اور نومبر
فروری چھوڑ کے باقی اب
۳۱ دنوں کے بن گئے سب

## بھارتی سال کے مہینے





بھارتی سال چیت مہینے سے شروع ہوتا ہے اور پھاگن مہینے پر ختم ہوتا ہے۔

اوپر دی ہوئی شکل دیکھو اور خالی چوکون پر کرو۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| موسم | بہار | گرما | | | | |

پُل کے نیچے پٹری پر سے گزرنے والے ڈبّوں پر کون سے مہینے لکھے ہوں گے؟




**برائے اساتذہ :** چیت سے شروع کر کے مہینوں کے نام ترتیب وار کہلوائے جائیں۔ اسی طرح محرم سے شروع کر کے قمری مہینوں کے نام بھی ترتیب وار کہلوائیں۔ بچوں کو بتایا جائے کہ قمری مہینوں کے دن مقرر نہیں ہوتے۔ وہ کبھی ۲۹ دن کے اور کبھی ۳۰ دن کے ہوتے ہیں۔

**قمری مہینے :** محرم، صفر، ربیع الاوّل، ربیع الآخر، جمادی الاوّل، جمادی الآخر، رجب، شعبان، رمضان، شوّال، ذی القعدہ، ذی الحجہ